112045 ـ بیوہ عورت کا دوران عدت زعفران والی چائے پینے کا حکم

سوال

دوران عدت عورت کے لیے زعفران والی چائے اور قہوہ پینے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جس عورت کا خاوند فوت ہو جائے اسے دوران عدت زیبائش و خوبصورتی اختیار کرنے اور خوشبو لگانے سے اجتناب کرنا چاہیے، اور زعفران خوشبو کی ایک قسم ہے، اس لیے اگر قہوہ اور چائے میں ڈالنے سے اس کی خوشبو ختم ہو جاتی ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں، لیکن اگر اس کی خوشبو باقی رہتی ہے تو عورت کو دوران عدت اس سے اجتناب کرنا چاہیے.

شیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ اس کے متعلق دریافت کیا گیا تو ان کا جواب تھا:

" اگر اس کی یعنی زعفران کی خوشبو باقی ہو تو عورت کے لیے پینا جائز نہیں، کیونکہ اس کی خوشبو اس کے منہ سے آئیگی، لیکن اگر زعفران پکانے سے خوشبو ختم ہو جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں " انتہی

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ کا جواب دیکھنے کے لیے آپ درج ذیل لنک پر کلک کریں:

http://www.ibnothaimeen.com/all/noor/article_8804.shtml

واللہ اعلم .